SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبرII مجریہ ۲۰۲۰

SINDH ORDINANCE NO.II OF 2020

سندھ وبائی امراض (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۲۰

THE SINDH EPIDEMIC DISEASES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2020

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۲۰۱۵ کے سندھ ایکٹ نمبرVIII کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Act No.VIII of 2015

۳۔ ۲۰۱۵ کے سندھ ایکٹ نمبرVIII کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Act No.VIII of 2015

سندھ آرڈیننس نمبرII مجریہ ۲۰۲۰

SINDH ORDINANCE NO.II OF 2020

سندھ وبائی امراض(ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۲۰

THE SINDH EPIDEMIC DISEASES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2020

[۱۳مئی ۲۰۲۰]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ وبائی امراض ایکٹ، ۲۰۱۴ میں ترمیم کی جائے گی؛

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ وبائی امراض ایکٹ، ۲۰۱۴ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہو گی:

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کے موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین، ۱۹۷۳ کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس تشکیل دے کر نافذ کرنا فرمایہ ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

۱۔(۱) اس آرڈیننس کو سندھ وبائی امراض (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۲۰ کہا جائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

٢۔سندھ وبائی امراض ایکٹ، ٢٠١٤ میں، جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ٣ کی ذیلی دفعہ (٣) میں، الفاظ "ڈپٹی کمشنر" کے بعد الفاظ "یا اسسٹنٹ کمشنر یا دوسرا کوئی عملدار" شامل کیئے جائیں گے۔	Short title and commencement ٢٠١٥ کے سندھ ایکٹ نمبر VIII کی دفعہ ٣ کی ترمیم Amendment of Section 3 of Sindh Act No.VIII of 2015
٣۔مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٤ کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا: "٤۔جرمانہ۔ (١) جو بھی حکومت یا بااختیار بنائے گئے عملدار کی طرف سے جاری کردہ احکامات یا اس ایکٹ کے تحت تشکیل دیئے گئے ضوابط کی خلاف ورزی کرتا ہے یا نافرمانی کرتا ہے، تو وقتی طور پر نافذ کسی دوسرے قانون کے تحت واجب کسی سزا کے علاوہ، وہ موقعہ پر جرمانہ کی سزا کے لائق ہو گا، جو ایک ملین روپے تک ہو گی، یا مقولہ، غیر منقولہ، ناقص جائیداد ہو گی یا دونوں ساتھ: بشرطیکہ جرمانہ مسلط کرنے کا حکم اس سلسلہ میں حکم جاری کرنے کے لیئے اسباب کے ساتھ تحریری طور پر ہو گا۔ (٢) ذیلی دفعہ (١) میں بیان کردہ جرمانہ سندھ لینڈ ریوینیو ایکٹ، ١٩٦٧ (١٩٦٧ کے ایکٹ نمبر XVII) کے تحت لینڈ ریوینیو کی بقایاجات کے طور پر وصول کیا جائے گا۔	٢٠١٥ کے سندھ ایکٹ نمبر VIII کی دفعہ ٤ کی ترمیم Amendment of Section 4 of Sindh Act No.VIII of 2015

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام و عوام کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا